Maulana Azad National Urdu University
Ph.D I Semester Examination December - 2019
Paper: (PHTS108DST) : Terminology (اصطلاحیات)

Total Marks : 70 **Time : 3 hours**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال: 1

(i) علم اصطلاح پر دنیا کی پہلی کتاب کس زبان میں لکھی گئی ہے؟

(a) یونانی (b) لاطینی (c) انگریزی (d) اردو

(ii) یونیسکو کی سفارشات کے مطابق کسی ادارے کو تصنیف و تالیف کے لیے کتنی اصطلاحات کی ضرورت پڑتی ہے۔

(a) پانچ ہزار (b) تین سے چار لاکھ (c) پانچ لاکھ (d) تین لاکھ

(iii) سائنسی و فنی ڈکشنری کے مرتب کون ہیں۔

(a) مکین احسن کلیم (b) پروفیسر کلیم الدین احمد (c) جمیل جالبی (d) شان الحق حقی

(iv) اصطلاحی مباحث کس کی مرتبہ کتاب ہے۔

(a) ڈاکٹر سلیم اختر (b) ڈاکٹر عطش درّانی (c) ڈاکٹر اعجاز راہی (d) پروفیسر وحید الدین سلیم

(v) دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ میں اردو میں وضع اصطلاحات کے لیے کن زبانوں کے الفاظ و مشتقات کے استعمال کو جائز قرار دیا تھا۔

(a) لاطینی، یونانی، عبرانی (b) انگریزی، فرانسیسی، روسی (c) چینی، بنگالی، مرہٹی (d) سنسکرت، ہندی، عربی، فارسی

(vi) اصطلاح کی یہ تعریف کس نے کی ہے "یہ ایک وصفی امر ہے جو تصور (Concept) کو بیان کرنے کے لیے وجود میں آتا ہے۔ اصطلاح لفظ بھی ہو سکتی ہے اور ترکیب بھی، حرف بھی ہو سکتی ہے اور ہندسی شکل بھی، مخفف بھی ہو سکتی ہے اور سرنامیہ بھی، ترخیم بھی ہو سکتی ہے اور علامت بھی گویا اصطلاح کسی تصور کے مخصوص معانی کی علامت ہے"۔

(a) پروفیسر وحید الدین سلیم (b) فیلبر (c) عطش درّانی (d) حیدر یار جنگ نظم طباطبائی

(vii) کس ادارے میں مجلس وضع اصطلاحات کام کرتی تھی۔

(a) دارالترجمہ شمس الامراء ثانی (b) دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ (c) فورٹ ولیم کالج (d) ترقی اردو بیورو

(viii) عدسہ کا مادہ عدس ہے اس کے اصطلاحی معنی سے ہٹ کر لغوی معنی کیا ہے۔

(a) شیشہ (b) مسور (c) آئینہ (d) رطوبت

(ix) ''گلاب جامن'' کن دو زبانوں کے لفظوں سے وضع کی گئی اصطلاح ہے۔

(a) فارسی + عربی (b) عربی + سنسکرت (c) ترکی + ہندی (d) فارسی + ہندی

(x) اردو زبان کا کس خاندان السنہ سے تعلق ہے۔

(a) ہند ایرانی (b) ہند آریائی (c) سامی (d) تورانی

حصہ دوم

2. اصطلاح کی تعریف کیجیے۔

3. اصطلاح سازی کیوں ضروری ہے۔

4. اصطلاحات کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالیے۔

5. زبان کے فروغ و توسیع کے لیے صرف اصطلاح سازی نہیں بلکہ اس کا استعمال و نفاذ ضروری ہے بحث کیجیے۔

6. اردو میں علم اصطلاح کے ارتقائی سفر کا جائزہ لیجیے۔

7. علمی اصطلاحات کی فرہنگ سازی پر ایک نوٹ لکھیے۔

8. مصطلحین (Terminologists) کے لیے درکار لیاقتوں پر روشنی ڈالیے۔

9. عصر حاضر میں ''علم اصطلاح'' ایک ابھرتا ہوا شعبہ ہے بحث کیجیے۔

حصہ سوم

10. مصطلحین (Terminologists) کی تعلیم و تربیت سے متعلق اپنی تجاویز پیش کیجیے۔

11. مجلس وضع اصطلاحات دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ پر ایک مفصل نوٹ لکھیے۔

12. وضع اصطلاحات سے متعلق مختلف اصول و نظریات کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

13. اردو میں مختلف زبانوں کے علمی اصطلاحات کو مستعار لینے کے بارے میں آپ کس حد تک متفق ہیں۔

14. درج ذیل انگریزی اصطلاحات کی متبادل اردو اصطلاحیں لکھیے۔

(1) Aesthetic (2) Bicameral (3) Consience (4) Deficit Budget

(5) Egoism (6) Fetishism (7) Gross Profit (8) Hallucination

(9) Imagery (10) Jurisdiction (11) Referendum (12) Monopoly